## نیشنل بینک کی نومنتخب سی بی اے کے عہدیداران اور محنت کش کارکنوں کی جلوس کی شکل میں نائن زیرو آمد

## انتخابات میں ایم کیو ایم کی حمایت پر الطاف حسین سے اظہار تشکر

کراچی۔۔۔31جولائی2009ء

نیشنل بینک میں سی بی اے کے تعین کیلئے جمعرات کے روز ہونے والے انتخابات میں ایم کیو ایم کی حمایت یافتہ یونین نے واضح کامیابی حاصل کرلی۔ بعدازاں سی بی اے کے انتخاب میں کامیابی حاصل کرنے والے سعید حیدر پینل کے نومنتخب عہدیداران اور دیگر محنت کش ایک بڑے جلوس کی شکل میں ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد پہنچے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین سے ان کی حمایت کرنے پر تشکر کا اظہار کیا۔ ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین سلیم تاجک، شاکر علی اور ڈاکٹر صغیر نے نومنتخب سی بی اے پینل کے عہدیداران کی سربراہی میں آنے والے جلوس کا استقبال کیا اور انہیں مبارکباد پیش کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیر ڈاکٹر صغیر احمد نے ایم کیو ایم کی حمایت یافتہ سعید حیدر پینل کے نومنتخب عہدیداران کو قائد تحریک جناب الطاف حسین اور ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کی جانب سے مبارکباد پیش کی اور امید ظاہر کہ سی بی اے کے نومنتخب عہدیداران قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات اور فلسفہ کی روشنی میں محنت کشوں کے مسائل حل کریں گے۔ ایم کیو ایم لیبر ڈویژن کی سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی کے انچارج وسیم قریشی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج ہمیں بہت اہم کامیابی ملی ہے اور یہ کامیابی محنت کشوں کی محنت لگن اور اتحاد سے ہی ممکن ہوئی ہے۔

## توقیر شیخ کے بہیمانہ قتل میں ملوث جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کیا جائے، رابطہ کمیٹی

## سوگواران سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔31، جولائی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے گارڈن کے علاقے میں جرائم پیشہ عناصر کے ہاتھوں ایم کیو ایم لیاری سیکٹر یونٹ 31 کے کارکن تنویر شیخ کے 3 سالہ بیٹے توقیر تنویر شیخ کے جاں بحق ہونے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے مطالبہ کیا کہ توقیر تنویر شیخ کے بہیمانہ قتل میں ملوث جرائم پیشہ عناصر کو فی الفور گرفتار کیا جائے اور انہیں آئین وقانون کے مطابق عبرتناک سزا سے ہمکنار کیا جائے۔ رابطہ کمیٹی نے تنویر شیخ سمیت مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی پر ایم کیو ایم لیاقت آباد اور ابراہیم حیدری سیکٹرز کے 6 کارکنان کو تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا گیا

## گڈاپ سیکٹر کے سابق یونٹ انچارج حضور بخش کو غیر معینہ مدت کیلئے تنظیم سے معطل کردیا گیا

کراچی۔۔۔31، جولائی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی اور غیر تنظیمی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی بناء پر ایم کیو ایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 161 کے کارکنان اعجاز احمد ولد محمد ریاض، رجب ولد حمید اللہ، ایم کیو ایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 158 کے کارکنان شاہد افروز ولد محمد سلطان، محمد عظیم خان ولد محمد عثمان خان، عبدل شفیق صدیقی ولد عبدالسلام صدیقی اور ایم کیو ایم کراچی مضافاتی کمیٹی ابراہیم حیدری یونٹ کے کارکن عبدالغفور کچھی ولد سلیمان کو تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا گیا جبکہ رابطہ کمیٹی نے گڈاپ سیکٹر یونٹ تیسر ٹاؤن کے سابق یونٹ انچارج حضور بخش ولد فضل حسین کو غیر معینہ مدت کیلئے تنظیم سے معطل کردیا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان کو سختی سے ہدایت کی ہے کہ وہ مذکورہ بالا افراد سے کسی قسم کا رابطہ نہ رکھیں۔

## متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کی سلمیت اوراستحکام کی ضمانت کے طور پر ابھر رہی ہے، پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی

## گلشن اقبال، سائیٹ ٹاؤن، کورنگی ٹاؤن اور لانڈھی ٹاؤن میں منعقدہ کارکنان کے اجتماعات سے خطاب

کراچی۔۔۔31، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کی سلمیت اوراستحکام کیلئے جدوجہد کررہی ہے۔ان خیالات کا اظہار ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج گلفراز خان، اراکین ندیم احمد، جمال آفریدی، جاوید اقبال فاروقی، ظفر اقبال، محمد معروف حسین، حنیف اتمان خیل اورزرین الرحمان نے گلشن اقبال، سائیٹ ٹاؤن، کورنگی ٹاؤن اور لانڈھی ٹاؤن میں منعقدہ کارکنان کے اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اجتماعات میں مختلف قومیتوں اور برادریوں سے تعلق رکھنے والے کارکنان نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔اپنے خطاب میں کراچی مضافاتی کمیٹی کے انچارج واراکین نے کہا کہ ایم کیوایم کی جدوجہد ملک بھر کے 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے کے حقوق کے حصول کیلئے ہے اور ایم کیوایم نے ہمیشہ اپنی پرامن جدوجہد کے دوران ملکی مفاد، سلمیت اوراستحکام کو ترجیح دی ہے۔پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج و اراکین نے کارکنان پر زوردیا کہ وہ درمیان اتحادواتفاق برقرار رکھیں اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکروفلسفہ اورنظریئے کے فروغ کیلئے بھرپور کردار ادا کرتے رہیں۔

## ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر کے کارکن عبدالرزاق کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔31، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 161 کے کارکن عبدالرزاق کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے(آمین)

## عبدالرزاق کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔31، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 161 کے کارکن عبدالرزاق کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆